# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

## (شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مطالعۂ متن حدیث (3957) — سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص سیرت سٹڈیز)

**ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ**

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔**

1. تمام سوالات لازمی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ:1-4)

سوال نمبر 1 : دینی نصوص کی روشنی میں نکاح کے بنیادی ارکان، شرائط اور محرمات کے احکام بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2 : احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں طلاق کی اقسام اور ایک مجلس میں تین طلاقوں کے شرعی حکم کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 : سنتِ مطہرہ کی روشنی میں خلع، لعان اور مطلقہ و بیوہ کی عدت سے متعلق احکام تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 : دینی نصوص کی روشنی میں بیعتِ اطاعت، ہجرت کے احکام اور حاکم وقت کی عزولی سے متعلق شرعی حکم بیان کریں۔
(20)

سوال نمبر 5 : احادیثِ نبوی کی روشنی میں قضاء کی شرائط اور قاضی کے لیے رشوت و غلط فیصلے کی حرمت کے احکام واضح کریں۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ:5-9)

سوال نمبر 1 : شرعی نصوص کی روشنی میں اتباعِ سنتِ نبوی اور خلفائے راشدین کی پیروی کے وجوب کے احکام تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2 : دینی نصوص کی روشنی میں شرعی حدود (سرقہ، قذف، زنا اور شربِ خمر) کے نفاذ اور ان کی سزا کے احکام بیان کریں۔
(20)

سوال نمبر 3 : احادیثِ مبارکہ کی روشنی میں تجارت کے شرعی احکام، ناجائز بیوع اور سود کی حرمت کے احکام واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 : دینی نصوص کی روشنی میں زہد و تقویٰ، قناعت اور تکبر و ریاکاری کی ممانعت کے احکام تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5 : سنتِ مطہرہ کی روشنی میں توبہ و استغفار، فکرِ آخرت اور حوضِ کوثر و شفاعتِ نبوی کے احکام و مسائل بیان کریں۔ (20)